# 17-04-2024 WEDNESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلہ کے لئے اعلامیہ کل جاری کیا جائے گا جبکہ اس مرحلہ میں تلنگانہ کی تمام 17 نشستوں پر رائے دہی ہوگی۔

☆بی جے پی کے راجیہ سبھا رکن ڈاکٹر لکشمن نے کہا ہے کہ ریاست میں پارٹی امیدواروں کی جانب سے پرچہ جات نامزدگی داخل کرنے کے موقع پر پارٹی کو سرکردہ لیڈرس بشمول مرکزی وزراء اور بی جے پی حکمرانی والی ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ موجود رہیں گے۔

☆الیکشن کمیشن آف انڈیا نے انتخابی ضابطہ اخلاق کی مبینہ خلاف ورزی پر بی آر ایس صدر و سابق وزیر اعلیٰ کے سی آر کو نوٹسیں جاری کی ہیں۔

☆ سری رام نومی تہوار آج مذہبی جوش وخروش کے ساتھ منایا گیا۔ بھدراچلم میں منعقدہ شادی کے پروگرام میں ہزاروں افراد نے شرکت کی۔

☆ تلنگانہ کے بیشتر اضلاع میں آئندہ تین دن کے دوران درجہ حرارت میں دو تا تین ڈگری اضافہ کا امکان ہے۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے بی جے پی کے منشور پر انتہائی تشویش کا اظہار کیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ اگر پارٹی دوبارہ اقتدار میں آتی ہے تب دستور میں ترمیم کرتے ہوئے ایس سی اور ایس ٹی طبقات کے لئے تحفظات کو برخاست کر دیا جائے گا۔ حلقہ پارلیمنٹ عادل آباد میں منعقدہ ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کے ٹی آر نے کمزور طبقات کو درپیش خطرات کو اجاگر کیا اور کہا کہ اتر پردیش اور کرناٹک کے سرکردہ بی جے پی لیڈرس نے برسر عام یہ بات کہی ہے کہ مجوزہ لوک سبھا انتخابات میں دو تہائی اکثریت ملنے پر دستوری ترمیم کے ذریعہ ایس سی اور ایس ٹی کے تحفظات کو برخاست کر دیا جائے گا۔ کے ٹی آر نے دلت اور قبائیلی طبقات سے اپیل کی کہ بی جے پی کی اس حکمت عملی کو سمجھیں اور اس کے مطابق اپنے ووٹ کا استعمال کریں۔ انہوں نے اپنے حامیوں پر زور دیا کہ بی جے پی اور کانگریس دونوں کی منفی مہم کا سرگرمی سے جواب دیں۔

☆☆☆☆☆

لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلہ کیلئے اعلامیہ کل جاری کیا جائے گا۔ اس مرحلہ میں نو ریاستوں اور ایک مرکزی زیر انتظام علاقہ میں 96 حلقوں کیلئے انتخابات ہوں گے۔ تلنگانہ کے تمام سترہ حلقوں اور آندھرا پردیش کی تمام پچیس نشستوں کیلئے چوتھے مرحلہ میں رائے دہی ہوگی۔ چوتھے مرحلہ کی رائے دہی تیرہ مئی کو ہوگی۔ تلنگانہ میں پرچہ جات نامزدگیاں داخل کرنے کیلئے تمام تر انتظامات کر لئے گئے ہیں۔ پرچہ نامزدگی داخل کرنے کی آخری تاریخ پچیس اپریل ہے۔ جبکہ چھبیس اپریل کو نامزدگیوں کی تنقیح ہوگی اور نامزدگیوں سے دستبرداری کی تاریخ 29 اپریل ہے۔ کنٹونمنٹ الیکشن کے لئے بھی اعلامیہ کل ہی جاری کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ آندھرا پردیش کی 175 اسمبلی نشستوں کیلئے بھی اعلامیہ کل جاری ہوگی۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ کے عمارت وشوارع کے وزیر کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی نے پیشن گوئی کی ہے کہ لوک سبھا انتخابات میں بی آر ایس ایک نشست بھی حاصل کرنے میں کامیاب نہیں ہو پائے گی۔ نلگنڈہ میں آج میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے ٹی آر ایس پر الزام عائد کیا کہ وہ کانگریس کے ارکان اسمبلی کو خریدنے کی کوشش کر رہی ہے۔ انہوں نے بی آر ایس کے صدر و سابق وزیر اعلیٰ کے سی آر کے اس بیان پر بھی ردعمل کا اظہار کیا جس میں انہوں نے کہا تھا کہ کانگریس حکومت بہت دن تک باقی نہیں رہ پائے گی۔ کومٹی ریڈی نے انتباہ دیا کہ اگر کانگریس حکومت کو نشانہ بنایا گیا تب ٹی آر ایس کی بنیادیں ہل جائیں گی۔ انہوں نے اس موقع پر اس یقین کا اظہار کیا کہ کانگریس بارہ تا تیرہ نشستوں پر کامیابی حاصل کرے گی۔

☆☆☆☆☆

الیکشن کمیشن آف انڈیا نے انتخابی ضابطہ اخلاق کی مبینہ خلاف ورزی پر بی آر ایس صدر و سابق وزیر اعلیٰ چندر شیکھر راؤ کو نوٹسیں جاری کی ہیں۔ کانگریس لیڈر نرنجن ریڈی نے سرسلہ انتخابی میٹنگ کے دوران وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کے خلاف نامناسب الفاظ ادا کرنے کے الزام میں کے سی آر کے خلاف الیکشن کمیشن کے پاس ایک شکایت درج کرائی ہے۔ الیکشن کمیشن نے کے سی آر سے کہا ہے کہ اپنے ریمارکس کے تعلق سے کل گیارہ بجے صبح تک وضاحت کریں۔

☆☆☆☆☆

عوام نے آج سری رام نومی کا تہوار مذہبی جوش و خروش کے ساتھ منایا۔ رام مندروں میں خصوصی پوجا کی گئی جبکہ تلنگانہ بھر میں مختلف مقامات پر خصوصی پنڈالس لگائے گئے تھے۔ ہزاروں افراد نے بھدرا چلم ٹاؤن میں واقع سیتا راما چندرا سوامی ٹمپل میں منعقدہ شادی کی تقریب کا مشاہدہ کیا۔ پجاریوں کے ایک گروپ نے کلیانم پڑھا۔ تلنگانہ حکومت کی چیف سکریٹری شانتی کماری نے ریشمی ملبوسات اور موتیوں کا ہار پیش کیا۔ وزیر بھٹی وکرما آرکا، سرینواس ریڈی اور کونڈا سریکھا بھی اس موقع پر موجود تھے۔ اسی دوران حیدرآباد میں شوبھا یاترا جاری ہے۔ جس میں ہزاروں افراد شریک ہیں۔ یاترا کا آغاز سیتارام باغ رام ٹمپل سے ہوا۔ شام تک یاترا ہنومان ویم شالا پہنچے گی۔ پولیس نے شوبھا یاترا کیلئے ٹھوس انتظامات کیے ہیں اور یاترا کے راستوں پر ٹرافک تحدیدات عائد کی گئی ہیں۔

☆☆☆☆☆

محکمہ موسمیات نے مجوزہ مانسون سیزن کے دوران تلنگانہ بھر میں معمول سے زائد بارش کی پیش قیاسی کی ہے۔ توقع ہے کہ اضلاع جیسے بھوپال پلی، کھمم، ملوگو، ورنگل، ہنمکنڈہ، سوریا پیٹ اور نلگنڈہ میں مختلف مقامات پر شدید بارش ہوگی۔ توقع ہے کہ جنوب مغربی مانسون آٹھ اور گیارہ جون کے درمیان تلنگانہ میں داخل ہوگا۔ ماہ جولائی سے شدید بارش کا سلسلہ شروع ہوسکتا ہے۔ حیدرآباد کے محکمہ موسمیات کے مرکز نے کہا ہے کہ اگست کے مہینہ میں بارش معمول کے مطابق ہوگی جبکہ ستمبر میں شدید بارش کا امکان ہے۔

☆☆☆☆☆

حیدرآباد میں انفوسمنٹ کے عہدیداروں نے اب تک چار کروڑ اکتیس لاکھ روپئے سے زائد نقد رقم ضبط کی ہے۔ اس کے علاوہ دیگر ایسی اشیاء بھی ضبط کی گئی ہیں جن کی مالیت 2.13 کروڑ روپئے ہے۔ یہ کاروائی انتخابی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر کی گئی ہے۔ حیدرآباد الکٹورل آفیسر و جی ایچ ایم سی کمشنر رونالڈ روس نے بتایا کہ عہدیداروں نے بیس ہزار چار سو لیٹر سے زائد شراب بھی ضبط کی ہے۔ اس کے علاوہ ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر 185 کیسس درج کیے گئے اور 181 افراد کو گرفتار کرنے کے علاوہ 200 سے زائد شکایتیں درج کی گئی ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ 251 ایف آئی آر درج کیے گئے ہیں جبکہ 28 ہزار سے زائد ہتھیار جمع کرائے جاچکے ہیں۔

☆☆☆☆☆

ٹی ایس آر ٹی سی نے آج بھدرا چلم میں سری سیتارام چندرا کلیان اتسوم میں منعقدہ ایک پروگرام میں استعمال شدہ تلمبرا کو بھکتوں کے گھروں تک پہنچانے کا فیصلہ کیا ہے۔ آر ٹی سی کے ایم ڈی سجنار نے کہا کہ تلمبرا کے خواہشمند افراد کو 151 روپئے ادا کرنے ہوں گے۔

☆☆☆☆☆

بی جے پی لیڈرس بشمول مرکزی وزراء اور بی جے پی اقتدار والی ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ پارٹی امیدواروں کے ساتھ رہیں گے جب وہ ریاست میں اپنے پرچہ نامزدگی داخل کریں گے۔ پارٹی کے سینئر لیڈر و راجیہ سبھا رکن ڈاکٹر لکشمن نے آج حیدرآباد میں منعقدہ ایک پریس کانفرنس میں یہ بات بتائی۔ انہوں نے کہا کہ سینئر پارٹی لیڈر و وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ جمعہ کو ریاست کا دورہ کریں گے۔ اس موقع پر ریاستی صدر کشن ریڈی اپنے پرچہ نامزدگی داخل کریں گے۔ ایک سوال پر لکشمن نے کہا کہ اپوزیشن کا ایجنڈہ ونبھاجیت ہے جبکہ بی جے پی کا ایجنڈہ مودی کے دس سالہ کارناموں کے علاوہ وکست بھارت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوام یہ بات سمجھ گئے ہیں کہ کانگریس پارٹی اپنے وعدوں کو پورا کرنے میں ناکام رہ گئی ہے۔ اس بات کا اظہار کرتے ہوئے کہ ریاست میں مودی کے حق میں واضح لہر پائی جاتی ہے، لکشمن نے کہا کہ کانگریس کو ایک بھی نشست نہیں ملے گی۔

☆☆☆☆☆

ساؤتھ سنٹرل ریلوے نے دونوں شہروں حیدرآباد و سکندرآباد کے مسافرین کیلئے ایم ایم ٹی ایس۔ آر ٹی سی مشترکہ بس پاس کا احیاء کیا ہے۔ ریلویز اور آر ٹی سی نے مشترکہ طور پر یہ بس پاس دوبارہ شروع کیا ہے جس سے مسافر ایم ایم ٹی ایس ٹرینوں کے علاوہ آر ٹی سی بسوں میں بھی سفر کرسکتے ہیں۔ اس پاس کی سابق قیمت 1050 تھی جسے اب بڑھا کر 1350 کردیا گیا ہے۔ یہ پاسیس دونوں شہروں کے تمام ایم ایم ٹی ایس اسٹیشنوں پر جاری کئے جائیں گے۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ کے مختلف اضلاع میں آئندہ تین دن کے دوران اعظم ترین درجہ حرارت میں دو تا تین ڈگری سلسیس اضافہ کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مرکز نے آصف آباد ،منچر یال، پداپلی، بھوپال پلی، ملوگو، کتہ گوڑم، کھمم ،نلگنڈہ، محبوب آباد اور نارائن پیٹ جیسے اضلاع کیلئے آئندہ تین دن تک ایلوالرٹ جاری کیا ہے۔

☆☆☆☆☆

جنگماں زرعی مارکٹ میں دھان کی خریدی کا سلسلہ دوبارہ شروع ہوا ہے۔ کسانوں کے احتجاج کے سبب مارکٹ میں خریدی کرنے والوں نے اس ماہ کی دس تاریخ کو اپنے مراکز کھولے۔ کسان کم اجرت کی ادائیگی پر احتجاج کررہے تھے۔ اس کے علاوہ عہدیدار، تین افراد کے خلاف شکایت درج کرنے میں ناکام رہے۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ کے ٹرانسپورٹ اور بی سی ویلفیر کے وزیر پونم پربھاکر نے ضلع کریم نگر میں منعقدہ سری رام نومی تقریب میں شرکت کی۔ کریم نگر کو ریاست میں دوسرے بھدرادری کے طور پر جانا جاتا ہے۔ انہوں نے اس موقع پر خصوصی پوجا کی اور کہا کہ سری رام نومی تقاریب کو ریاستی سطح کا تہوار بنانے کے لئے وہ اپنی طرف سے اقدامات کریں گے۔

☆☆☆☆☆

دبئی میں سیلاب کی بناء پر وہاں جانے والی زائد از اٹھائیس ہندوستانی پروازیں اور تیرہ ہندوستان آنے والی پروازیں منسوخ کردی گئی ہیں۔ امارات ایئر لائنس کی جانب سے ایک دن کیلئے چیک ان کا مرحلہ روک دیا گیا ہے۔ شدید بارش کی بناء پر دبئی انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر بھی پروازوں کی آمدورفت میں خلل پڑا ہے۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس صدر و اپوزیشن لیڈر چندر شیکھر راوٗ لوک سبھا انتخابات کے پیش نظر کل حیدرآباد کے تلنگانہ بھون میں ریاست کی سیاسی صورتحال کے ضمن میں منعقد ہونے والے پارٹی کی ایک میٹنگ کی صدارت کریں گے۔ وہ تیرہ مئی کو ہونے والی رائے دہی کے ضمن میں پارٹی کی انتخابی حکمت عملی اور مہم چلانے کے معاملہ پر تبادلہ خیال کریں گے۔ اس کے علاوہ کے سی آر پارٹی امیدواروں میں بی فارمس بھی تقسیم کریں گے۔ اس کے ساتھ ساتھ وہ انتخابی مصارف کیلئے 95 لاکھ روپئے پر مشتمل چیکس بھی حوالے کریں گے۔

☆☆☆☆☆